روزنامہ راشٹریہ سہارا
نئی دہلی، 8/ اکتوبر 2021، جمعہ
www.roznamasahara.com

ڈسٹرکٹ ویمن اسپتال میں آکسیجن پلانٹ کا افتتاح

اسپتال میں 50 بیڈز پر آکسیجن فراہم کی جائے گی، اب سرکاری اسپتالوں میں آکسیجن کی کمی نہیں ہوگی: وی کے سنگھ

غازی آباد (ایس این بی) مرکزی وزیر جنرل وی کے سنگھ اور وزیر مملکت صحت اتل گرگ نے ڈسٹرکٹ ویمن اسپتال ایم ایم جی میں نصب 500 ایل پی ایم آکسیجن پلانٹ کا افتتاح کیا۔ اس پلانٹ کے ذریعہ اسپتال میں 50 بیڈز پر آکسیجن فراہم کی جائے گی۔

افتتاح کے دوران مرکزی وزیر وی کے سنگھ نے کہا کہ ضلع کے سرکاری اسپتالوں میں آکسیجن پلانٹ لگائے گئے ہیں، اب اگر کورونا انفیکشن کی تیسری لہر آتی ہے تو مریضوں کے لیے آکسیجن کی کوئی کمی نہیں رہے گی۔ مرکزی اور ریاستی حکومتیں صحت کی خدمات میں مسلسل اضافہ کررہی ہیں۔ اس کے تحت ضلع کے سرکاری اسپتالوں میں آکسیجن پلانٹ لگائے گئے ہیں۔ ضلع میں تقریباً 11 آکسیجن پلانٹس لگائے گئے ہیں۔ اب کسی بھی سرکاری اسپتال میں آکسیجن کی کمی نہیں ہوگی۔ اسپتال مینجمنٹ اور پلانٹ انسٹالیشن ایجنسی پر ان پلانٹوں کی دیکھ بھال کی ذمہ داری ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ مرکزی حکومت بھی پورے ملک میں تیزی سے حفاظتی ٹیکے لگارہی ہے۔ ملک بھر میں 90 کروڑ سے زائد لوگوں کو کورونا ویکسین دی جاچکی ہے جس کی وجہ سے کورونا کی تیسری لہر کا امکان بہت کم ہوگیا ہے۔ اس کے باوجود اگر تیسری لہر آتی ہے تو محکمہ صحت اس سے نمٹنے کے لیے پوری طرح تیار ہے۔ ضلع میں بچوں کے علاج کے لیے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں۔ اسپتالوں میں پکیو اور نیکو وارڈ بنائے گئے ہیں۔ ڈاکٹروں کی کمی بھی دور کی جارہی ہے۔ وسائل اور ادویات کی کوئی کمی نہیں ہے۔ افتتاحی پروگرام میں ڈی ایم راکیش سنگھ، سی ڈی او اسمیتا لال، سی ایم او ڈاکٹر بھٹوش شنکھدھر، ایس پی سی نپن اگروال اور دیگر موجود تھے۔

نوئیڈا میں لڑکی کی پھانسی لگا کر خودکشی

نوئیڈا (پی ٹی آئی) نوئیڈا کے تھانہ فیز II علاقے کے بھنگیل گاؤں میں رہنے والی ایک 22 سالہ لڑکی نے پنکھے سے لٹک کر خودکشی کرلی۔ پولیس معاملے کی تحقیقات کررہی ہے۔ پولیس اسٹیشن فیز 2 سوجیت اپادھیائے نے بتایا کہ نیرج عرف سجنا بنت گنگا دیال جو کہ بھنگیل گاؤں میں رہتی ہے اس نے بدھ کی رات پنکھے سے لٹک کر خودکشی کرلی۔ انہوں نے بتایا کہ واقعہ کی اطلاع ملتے ہی پولیس موقع پر پہنچی اور لاش کو قبضے میں لے کر پوسٹ مارٹم کے لیے بھیج دیا۔ انہوں نے کہا کہ پولیس خودکشی کی وجہ کا پتہ لگارہی ہے۔ اپادھیائے نے کہا کہ ایک اور معاملے میں ایک 14 سالہ بچی کے ساتھ زیادتی کے ملزم کو پولیس نے گرفتار کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بھنگیل گاؤں میں رہنے والے ایک 14 سالہ بچی کے گھر والوں نے تین دن قبل رپورٹ درج کرائی تھی کہ وکی نامی نوجوان نے لڑکی کے ساتھ زیادتی کی ہے۔ ایس ایچ او نے بتایا کہ معاملے کی تحقیقات کرنے والی پولیس نے جمعرات کو ملزم کو گرفتار کیا۔ انہوں نے بتایا کہ ملزم کو عدالت میں پیش کیا گیا، جہاں سے اسے 14 دن کے لیے عدالتی تحویل میں بھیج دیا گیا ہے۔

طلوع آفتاب: 6:18
غروب آفتاب: 6:00

شیئر بازار

سینسکس —: 59,677.83 روپے
نفٹی —: 17,790.35 روپے
سونا 10 گرام : 46,012 روپے
چاندی 1 کلوگرام : 60,172 روپے
ڈالر —: 74.79 روپے

بی ایس پی ضلع نائب صدر کے پوسٹر پر سیاہی پوتی

غازی آباد (ایس این بی) کسی نے گزشتہ روز بہوجن سماج پارٹی کے ضلع نائب صدر منور چودھری کے پوسٹر پر سیاہی پوت ڈالی۔ 9 اکتوبر کو بی ایس پی کے بانی کانشی رام کے 15 ویں پری نروان دیوس کے موقع پر شہر کے مختلف مقامات پر پوسٹر لگائے گئے ہیں۔ ضلع نائب صدر کے علاوہ بی ایس پی سپریمو اور ضلعی سطح کے عہدیداروں کی تصاویر بھی ان پوسٹرز پر لگائی گئی ہیں۔ خاص بات یہ ہے کہ سیاہی صرف ضلع نائب صدر کی تصویر پر لگائی گئی ہے۔

گزشتہ سال بھی عید اور رکشابندھن کی مبارکباد کے لیے لگائے گئے ضلع نائب صدر کی پوسٹروں پر لگی تصویر پر سیاہی لگائی گئی تھی۔ اس سلسلے میں بی ایس پی رہنماؤں کے اختلافات منظر عام پر آئے تھے۔ لکھنؤ میں بیٹھے بڑے لیڈروں کی مداخلت کے بعد یہ معاملہ طے پا یا تھا۔ ضلع نائب صدر بی ایس پی منور چودھری کے مطابق میں بی ایس پی کا سپاہی ہوں اور اس کے لیے دل وجان سے کام کرتا رہوں گا۔ کچھ سماج دشمن عناصر ہر سال میرے پوسٹر پر سیاہی ڈال کر میری تصویر کو داغدار کرنا چاہتے ہیں۔ میں اس سے ڈرنے والا نہیں ہوں۔ میں نے اعلیٰ حکام کو اس معاملے سے آگاہ کردیا ہے۔ دوسری طرف ضلع صدر بی ایس پی وریندر کمار جاٹو کے مطابق جس شخص نے بھی ایسا کیا ہے وہ ہماری پارٹی سے نہیں ہوسکتا۔ یہ کچھ غیر سماجی عناصر ہیں اس کی جانچ کرائیں گے۔

تیز رفتار کار نے موٹر سائیکل کو پیچھے سے ٹکر ماری

انجینئر کی موت، دوسرا زخمی، حالت انتہائی نازک

گروگرام (ایجنسیاں) راجیو چوک انڈر پاس کے قریب بدھ کی رات تقریباً 9.30 بجے ایک تیز رفتار کار نے موٹر سائیکل کو پیچھے سے ٹکر ماردی جس کی وجہ سے موٹر سائیکل پر سوار دونوں نوجوان شدید زخمی ہوگئے۔ وہاں سے گزرنے والے لوگوں نے انہیں فوری طور پر قریبی اسپتال پہنچایا، جہاں ایک کو مردہ قرار دیا گیا۔ دوسرے کی حالت انتہائی تشویشناک ہے۔ متوفی کی شناخت 33 سالہ شکتی سنگھ کے طور پر ہوئی ہے، جو اصل میں اترپردیش کے علی گڑھ ضلع کے گاؤں رہسو پور کا رہائشی تھا، جو اپنے خاندان کے ساتھ سیکٹر 47 یونیورسل گارڈن II میں کرائے پر رہتا تھا۔ زخمی کی شناخت اویناش سنگھ کے طور پر ہوئی ہے جو کہ مہلوک کا چھوٹا بھائی ہے۔ شکتی سنگھ ابوظہبی میں انجینئر تھا۔ وہ صرف 30 ستمبر کو وہاں سے گروگرام پہنچا تھا۔ اویناش بھی ایک انجینئر ہے۔ اترپردیش کے نوئیڈا میں رہنے والے بڑے بھائی ابھیشیک سنگھ کی شکایت پر سول لائن پولیس اسٹیشن نے نامعلوم کار ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔ ابھیشیک سنگھ ایک نجی کمپنی میں انجینئر ہے۔ شکایت کے مطابق شکتی سنگھ اور اویناش سنگھ بدھ کی شام موٹر سائیکل کے ذریعہ صدر بازار پہنچے تھے تاکہ نوراتری کی پوجا کے لیے سامان خرید سکیں۔ گھر لوٹتے ہوئے جیسے ہی راجیو چوک انڈر پاس پر پہنچے، ایک تیز رفتار کار نے انہیں پیچھے سے ٹکر ماردی۔ تصادم اتنا شدید تھا کہ دونوں بھائی موٹر سائیکل سے گر گئے۔ سر کی چوٹ کی وجہ سے شکتی سنگھ کی موت ہوگئی۔ اویناش کے سر اور دیگر جگہوں پر بھی چوٹیں آئیں۔ موٹر سائیکل شکتی سنگھ چلارہا تھا۔ تھانہ سول لائنز نے قریبی نصب سی سی ٹی وی کیمروں سے ملزم کی شناخت شروع کردی ہے۔ واضح رہے کہ ضلع میں روزانہ دو سے تین حادثات ہورہے ہیں۔ زیادہ تر حادثات تیز رفتاری کے باعث ہورہے ہیں۔ اس سال اب تک 240 سے زائد افراد ہلاک ہوچکے ہیں۔

ایلیویٹیڈ روڈ سے موٹر سائیکل نیچے گری، لڑکا لڑکی ہلاک

غازی آباد (ایجنسیاں) تیز رفتار موٹر سائیکل ایلیویٹیڈ روڈ پر فٹ پاتھ سے ٹکرا گئی۔ موٹر سائیکل پر سوار نوجوان اور لڑکی ایلیویٹیڈ روڈ سے نیچے گر گئے۔ حادثے میں دونوں کی موت ہوگئی۔ مرنے والوں کی شناخت عادل کے طور پر کی گئی ہے جو سندر نگری کا رہنے والا ہے اور نشا خان جو کہ سناٹا جنتا مزدور کالونی، بابر پور نارتھ ایسٹ دہلی کی رہائشی ہے۔ مزید تفصیلات کا انتظار ہے۔

بی جے پی حکومت نے جمہوری نظام کو کمزور کردیا ہے

چودھری چرن سنگھ کے آبائی گاؤں میں منعقد پروگرام میں آر ایل ڈی کے قومی صدر جینت چودھری کا اظہار خیال



ہاپوڑ (ایس این بی) راشٹریہ لوکدل کے قومی صدر جینت چودھری نے کہا کہ لکھیم پور کھیری میں کسان مارے گئے اور بی جے پی حکومت کسانوں کے قاتلوں کو بچانے میں لگی ہے۔ انھوں نے کہا کہ ملک لکھیم پور کھیری کی حقیقت جانتا ہے لیکن بی جے پی حکومت کے گھمنڈ کے آگے کسان تحریک کمزور نہیں ہوگی۔ کسانوں کی قربانی رائیگاں نہیں جائے گی۔ انھوں نے کہا کہ اسمبلی الیکشن میں بی جے پی حکومت کو اس کا خمیازہ بھگتنا پڑے گا۔ سابق وزیر اعظم آنجہانی چودھری چرن سنگھ کے آبائی گاؤں موضع نور پور میں عوامی جلسہ کو خطاب کرتے ہوئے جینت چودھری نے کہا کہ بی جے پی حکومت نے جمہوری نظام کو کمزور کردیا ہے۔ بی جے پی جمہوریت کے خلاف سازش رچ رہی ہے۔ لکھیم پور کھیری میں دن دہاڑے وزیر کے بیٹے کے ذریعہ کسانوں کو قتل کردیا جاتا ہے لیکن حکومت کسانوں کے قاتلوں کو بچانے میں مصروف ہے۔ انھوں نے کہا کہ مرکزی حکومت کے ذریعہ نئے زرعی قوانین نافذ کرکے کسانوں کو تباہ کرنے کی سازش رچی گئی ہے جس کے خلاف پورے ملک کے کسانوں میں اشتعال ہے۔ گزشتہ کئی ماہ سے پورے ملک کے اندر کسان تنظیموں کے زیر اہتمام کسان اپنے مستقبل کو بچانے کے لئے تحریک چلارہے ہیں لیکن تاناشاہی بی جے پی حکومت کسانوں کا قتل کرنے پر آمادہ ہے۔ انھوں نے کہا کہ 2022 کے انتخابات میں اس کا جواب بوتھوں پر دیا جائے گا۔ انھوں نے کہا کہ بی جے پی حکومت نے عوام سے کیا گیا ایک بھی وعدہ پورا نہیں کیا۔ حکومت صرف عوام کو فریب دے رہی ہے۔ جینت چودھری نے کہا کہ کسانوں کے گنے کے بقایاجات کی ادائیگی نہیں ہو پائی ہے اور بجلی کے بلوں میں اضافہ کیا جارہا ہے۔ انھوں نے بے روزگاری، خواتین کے استحصال اور جرائم کی شرح کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ آج ان معاملوں میں اترپردیش دیگر ریاستوں سے آگے ہے۔ حکومت کی غلط پالیسیوں کی وجہ سے سماج کا ہر شخص پریشان ہے اور سرکاری لوٹ سے بے حال ہے۔ انھوں نے کہا کہ بی جے پی صرف جھوٹ کے دم پر دوسروں کے کاموں کو اپنا بتانے میں مصروف ہے۔ انھوں نے کہا کہ اشتہاروں کے ذریعہ عوام کو گمراہ کرنے کی سازش رچی جارہی ہے۔ انھوں نے کہا کہ سیکولر اور راشٹریہ لوکدل کی سیاست ہی ملک اور سماج کو بچائے گی۔ انھوں نے کہا کہ بی جے پی نے اترپردیش کی ترقی کو بہت پیچھے کردیا ہے۔ لکھیم پور کھیری میں کسانوں کے قتل کا معاملہ بی جے پی کے تابوت میں آخری کیل ثابت ہوگا۔ انھوں نے اپیل کرتے ہوئے کہا کہ اترپردیش کو لوٹ سے بچانے کے لئے راشٹریہ لوکدل کو اپنی حمایت دینے کا کام کریں۔ راشٹریہ لوکدل نے کسانوں کے مسائل کو لے کر ہمیشہ لڑائی لڑی ہے۔ کسانوں کے حق میں لوکدل کسی بھی حد تک جانے کے لئے تیار ہے۔ انھوں نے کہا کہ ریاست میں قانون کا نہیں بلکہ سنگھ کے اصولوں کے ذریعہ یوگی حکومت نے لوگوں کا جینا محال کردیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ لکھیم پور متاثرین کو انصاف دلانے کے لئے پارٹی اپنی لڑائی تیز کرے گی۔ اس سے قبل پارٹی کے قومی صدر جینت چودھری کا پارٹی کے قوی جنرل سکریٹری ترلوک تیاگی، ضلع صدر شیو کمار تیاگی، ڈاکٹر نجم الدین، پروفیسر عباس علی، شکیل فاروقی، حسن اقبال، ہیمنت مشرا اور نانک چند شرما سمیت دیگر کارکنان نے زبردست استقبال کیا۔ جینت چودھری نے گاؤں میں اپنے رشتے داروں سے مل کر ان کا آشرواد بھی لیا۔

ڈینگی اور ملیریا کی روک تھام کے لیے فاگنگ شروع

سوہنا (ایجنسیاں) ڈینگی اور ملیریا جیسی بیماریوں سے بچنے کے لیے سٹی کونسل نے شہر کے تمام وارڈز میں فاگنگ شروع کردی ہے۔ اس کے لیے کونسل کے ملازمین روزانہ فاگنگ کریں گے اور کونسل آفس میں اپنی رپورٹ درج کریں گے۔ برسات کے موسم کے اختتام کے ساتھ ہی ڈینگی اور ملیریا کی وبا بڑھنے لگی ہے۔ سول اسپتال میں اب تک ڈینگی کا ایک بھی کیس سامنے نہیں آیا، تاہم ملیریا ڈینگی کے مریض نجی کلینک اور اسپتالوں میں آنا شروع ہو گئے ہیں۔ اس کے پیش نظر لوگوں کی طرف سے فاگنگ کا مطالبہ کیا گیا ہے۔ سٹی کونسل کے سکریٹری ست کمار نے بتایا کہ جمعرات سے شہر کے ہر وارڈ میں فاگنگ کا کام شروع کردیا گیا ہے۔ صرف ایک ٹیم تیار کی گئی ہے۔ دوسری ٹیم بھی جلد تیار کرکے وارڈز میں بھیجی جائے گی۔ انہوں نے بتایا کہ فاگنگ ٹیم ہر روز کونسل آفس میں اپنی رپورٹ داخل کرے گی۔

بین ریاستی گاڑی چور گینگ کا پردہ فاش

2 ملزمان گرفتار، 5 گاڑیاں برآمد، نمبر پلیٹ بدل کر دوسری ریاستوں میں بیچتے تھے گاڑیاں

گریٹر نوئیڈا (ایس این بی) ایکوٹیک ون کوتوالی پولیس اور اسپیشل ٹیم کمشنریٹ گوتم بدھ نگر نے ایک بین ریاستی گاڑی چور گروہ کا پردہ فاش کیا ہے۔ اس گروہ کے 2 ملزمان کو علاقے کے جی بی یو چوراہے کے قریب سے گرفتار کیا گیا ہے اور ان کے قبضے سے 5 مسروقہ گاڑیاں برآمد کی گئی ہیں۔ گرفتار ملزمان دہلی این سی آر میں گاڑیوں کی چوری کی وارداتیں کرتے تھے اور نمبر پلیٹ تبدیل کرکے دوسری ریاستوں میں فروخت کرتے تھے۔ پولیس گینگ کے دیگر ارکان کی تلاش کررہی ہے اور مجرمانہ ریکارڈ کی تلاش جاری ہے۔ اے ڈی سی پی گریٹر نوئیڈا وشال پانڈے نے بتایا کہ ایکوٹیک ون کوتوالی پولیس کو گاڑی چوروں کے بارے میں اہم معلومات ملی ہیں۔ گزشتہ روز خصوصی ٹیم کمشنریٹ کے تعاون سے 2 ملزمان کو گریٹر نوئیڈا کے جی بی یو چوراہے کے قریب سے گرفتار کیا گیا۔ جن کی شناخت بھوپال، مدھیہ پردیش کے رہنے والے محمد امجد اور سیفی نگر آگرہ کے رہائشی صادق کے طور پر ہوئی ہے۔ پولیس نے ان کے قبضہ سے دو آلٹو، 2 سوئفٹ ڈیزائر اور ایک سوئفٹ کار سمیت پانچ گاڑیاں برآمد کی ہیں۔ پانچوں گاڑیاں دہلی سے چوری کی گئی ہیں۔ گرفتار ملزمان دہلی کے علاوہ این سی آر کے دیگر شہروں میں بھی چوری کی وارداتیں کرتے تھے۔ چوری کی گاڑیوں کی نمبر پلیٹس کو تبدیل کرکے دوسری ریاستوں میں فروخت کرتے تھے۔ پولیس کے مطابق یہ گینگ دہلی این سی آر میں کافی عرصے سے سرگرم تھا۔ گروہ کے دیگر ارکان کے بارے میں معلومات اکٹھی کی جارہی ہیں۔ اے ڈی سی پی نے بتایا کہ ملزم گاڑی کا تالا توڑ کر سامان چوری کرتے تھے۔ وہ تالا توڑنے میں ماہر ہیں۔ ملزمان سے دیگر واقعات کے بارے میں پوچھ گچھ کی جارہی ہے۔ ان کے خلاف گینگسٹر کے تحت کارروائی کی جائے گی۔

ٹرک نے اسکوٹی میں ماری ٹکر، خاتون کی موت

لونی (ایجنسیاں) جمعرات کی صبح تقریباً 7 بجے دہلی سہارنپور ہائی وے پر ٹرونیکا سٹی تھانہ علاقے کے پنچ لوک گاؤں کے سامنے ایک اسکوٹی پر سوار جوڑے کو ٹرک نے ٹکر ماردی۔ ٹکر کے بعد دونوں گر گئے۔ اس میں وندنا (19)، دنیش کی بیوی، کشیپ کالونی باغپت کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ وندنا کا اندراپوری کالونی میں میکہ تھا۔ جمعرات کی صبح اس کا شوہر اسے اسکوٹی پر لے کر جارہا تھا۔ گھر والوں نے بتایا کہ وندنا کی شادی صرف 6 ماہ قبل ہوئی تھی۔ پولیس نے ٹرک ڈرائیور کو پکڑ لیا ہے۔

بیرون ملک ملازمت کے نام پر 80 ہزار روپے کی ٹھگی

پولیس سے دوبارہ شکایت کے بعد مقدمہ درج، معاملے کی تفتیش شروع

غازی آباد (ایجنسیاں) سنگاپور میں نوکری کے نام پر مکینیکل انجینئر کے ساتھ 80 ہزار روپے کی دھوکہ دہی کا معاملہ سامنے آیا ہے۔ متاثرہ نے 9 ماہ قبل پیش آنے والے واقعے کے بارے میں پولیس کو اسی وقت شکایت کی تھی، لیکن شکایت تھانے سے گم ہوگئی۔ دوبارہ شکایت کرنے کے بعد پولیس نے مقدمہ درج کیا اور معاملے کی تفتیش شروع کردی۔

سورج مل انکلیو میں رہنے والے پون کمار نے بتایا کہ وہ مکینیکل انجینئرنگ کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد سے بیرون ملک ملازمت کی تلاش میں ہے۔ اس کے لیے اس نے کئی ملٹی نیشنل فرموں میں بھی درخواست دی ہے۔ اس سلسلے میں جنوری میں اس کے پاس ایک میل آیا۔ اس میں اسے سنگاپور میں نوکری کی پیشکش کی گئی۔ جب ان کی گفتگو شروع ہوئی تو اس سے کہا گیا کہ کانٹی نینٹل نامی کمپنی میں آپریشن ہیڈ کی ذمہ داری ملے گی۔ اس کے لیے انڈین روپے میں 14 لاکھ 50 روپے ماہانہ تنخواہ کی پیشکش کی گئی۔ یہ سب اڑیسہ کی ایک کمپنی کے ذریعے کیا گیا۔ اس کمپنی نے اس کے لیے 3 انٹرویو کیے۔ انٹرویو لینے والوں میں کچھ غیر ملکی بھی تھے۔ اس نے اسے بھروسہ میں لے کیا اور نوکری پر جانے کی رسمیت کے نام پر ملزم نے ایک وقت میں اس سے 50 ہزار اور دوسری بار 30 ہزار روپے جمع کروائے۔ لیکن اس کے بعد سے ملزم کا فون بند ہوگیا۔ متاثرہ نے بتایا کہ اس نے اسی وقت سائبر سروس سالیوشن سینٹر کو شکایت دی تھی۔ معاملے کی تفتیش کے بعد سائبر سیل نے مدھوبن باپودھام کوتوالی پولیس سے مقدمہ درج کرنے کو کہا، لیکن فائل خود ہی تھانے سے غائب ہوگئی۔ چکر لگانے کے 6 ماہ بعد متاثرہ نے اب دوبارہ شکایت درج کرائی ہے۔ اس شکایت کی بنیاد پر پولیس نے مقدمہ درج کرکے معاملے کی تفتیش شروع کردی ہے۔

آج اور کل جمع کراسکتے ہیں پراپرٹی ٹیکس

غازی آباد (ایجنسیاں)

میونسپل کارپوریشن ہفتہ اور اتوار کو چندر شیکھر پارک، شالیمار گارڈن ایکسٹینشن-2 میں پراپرٹی ٹیکس جمع کرنے کے لیے کیمپ کا اہتمام کرے گی۔ یہ سہولت صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک فراہم کی جائے گی۔ زونل انچارج راج ویر سنگھ نے کہا کہ یکم اپریل سے 31 اکتوبر، مالی سال 22-2021 تک پوری رقم جمع کرنے پر پراپرٹی ٹیکس میں 20 فیصد چھوٹ دی جائے گی۔ 31 اکتوبر کے بعد پراپرٹی ٹیکس میں کوئی چھوٹ نہیں ہوگی۔ اس کے ساتھ ہی ہر ہفتہ اور اتوار کو صبح 10 بجے سے دوپہر 2 بجے تک وسندھرا میں میونسپل کارپوریشن کے دفتر میں ٹیکس جمع کیا جائے گا۔

بقیہ: بارہ بنکی میں اندوہناک سڑک ....

ٹکر اتنی زوردار تھی کہ مقامی شہریوں کو ایسا محسوس ہوا کہ کوئی بڑا دھماکہ ہوا ہے۔ چیخ وپکار سن کر مقامی لوگ موقع پر پہنچے تو حادثہ دیکھ کر ان کے ہوش اڑ گئے۔ اطلاع ملتے ہی ضلع مجسٹریٹ آدرش سنگھ، ضلع کپتان جمنا پرساد سمیت انتظامیہ و پولیس کے اعلیٰ افسران موقع پر پہنچ گئے اور کٹر، جے سی بی مشینوں اور مقامی لوگوں کی مدد سے بس میں پھنسے لوگوں کو نکالا گیا لیکن تب تک 9 افراد کی موت ہوچکی تھی، جبکہ ضلع اسپتال اور لکھنؤ بھیجے گئے 6 مزید لوگوں نے راستے میں ہی دم توڑ دیا۔ درجنوں مسافر اس حادثہ میں زخمی ہوئے ہیں، جن میں 2 درجن کی حالت انتہائی تشویشناک بتائی جارہی ہے۔

مرنے والوں میں بہرائچ کے صلاح الدین (37) ولد ریاض الدین، انیس الرحمٰن (45) ولد عبدالرحمٰن، قدیر (46) موضع اڈی پٹی تھانہ جرول، درگپال (69) ولد رام سیوک موضع ناظر گنج (تھانہ جرول روڈ)، دواریکا پرساد (48) ولد تلک رام موضع حسنا موڑ تھانہ قیصر گنج (کنڈکٹر)، صائمہ بیگم زوجہ معراج (25) احمد اور ان کی دو برس کی بیٹی زارا ساکن موضع پہاڑ پور تھانہ فخر پور، اجے کمار (12) ولد بھارت، راجو (15) ولد رام نریش موضع جے سنگھ پور قیصر گنج، یاسمین (28) بنت ابن موضع سندی پور قیصر گنج کی بتائی جارہی ہیں جبکہ ونود کمار (22) ولد رام سروپ موضع کوچا قاسم پور تھانہ کرنیل گنج گونڈہ، نور علی (25) ولد بدلو موضع رودل پوروہ تھانہ کٹرہ بازار گونڈہ جبکہ عبدالرحمٰن (42) ولد نظام الدین موضع اعلیٰ پور بارہ بنکی، رمن ولد وریندر ساکن جگتا پور ساکن کٹرہ بازار گونڈہ شامل ہیں۔ حادثہ میں دو درجن سے زائد افراد زخمی ہوئے ہیں جنہیں ضلع اسپتال میں داخل کرایا گیا ہے۔ زخمیوں میں شاداب ولد معراج، سراج احمد ولد محسن، ولد رفیع احمد، رحمت ولد علاؤالدین، چندو ولد رمضان، لکشمن چوہان ولد رادھے شیام، عطرت زوجہ انیس الرحمٰن، پرویش ولد سے دین، عدنان ولد رئیس، جگت رام ولد بابا دین، حامد ولد سعید الرحمٰن، زرین بنت انیس الرحمٰن، سیدہ بنت جاوید، عاصم ولد محمد سالم، وشال پانڈے ولد بھورام، علی حسن ولد نظام الدین، تعلقہ دار ولد رام پہل، الکو رام ولد گنگا رام، پون کمار ولد ننھے، شاردا زوجہ راجیش، ترون کنوجیا ولد راجیش کنوجیا، منیش کمار ولد آکاش، راہل ولد بچے لال اور ایک 38 سالہ نامعلوم شخص شامل ہے۔ زخمیوں میں 11 کی حالت انتہائی نازک ہے، جس کے سبب انہیں ٹراما سنٹر لکھنؤ میں بھرتی کرایا گیا ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ وولو بس کا پرمٹ گزشتہ 15 ستمبر کو ہی ختم ہو چکا تھا اور اس کا ٹیکس بھی 31 اگست 2021 تک جمع تھا۔ بتایا جاتا ہے کہ بس کا 41 مرتبہ چالان ہو چکا ہے۔ آؤٹر رنگ روڈ زیر تعمیر کسان پتھ کا صرف 14 کلومیٹر حصہ ہی آمد ورفت کیلئے کھولا گیا ہے اور اس پر اکثر آوارہ مویشی ٹہلتے رہتے ہیں۔ زیر تعمیر ہونے کے باوجود گاڑیوں کی آمد ورفت اس پر جاری ہے اور ذمہ دار افسران کی جانب سے اس سلسلہ میں کوئی مؤثر کارروائی نہیں کی گئی۔ ہیلپ لائن نمبر بھی جاری کیا گیا ہے۔ ضلع کپتان نے بتایا کہ حادثہ کے سلسلہ میں کسی بھی طرح کی معلومات حاصل کرنے کیلئے ہیلپ لائن نمبر: 9450017464 پر رابطہ کیا جاسکتا ہے۔ لاشوں کا ایک ساتھ پنچ نامہ بھرنے کیلئے 3 انسپکٹر، ایک سرکل افسر اور 10 سب انسپکٹر تعینات کئے گئے ہیں۔

سڑک حادثہ میں سی آئی ایس ایف جوان بیٹا اور باپ شدید زخمی

گریٹر نوئیڈا (ایس این بی) ایکوٹیک-3 کوتوالی کے علاقے میں آئی ٹی بی پی کیمپ کے گیٹ نمبر دو کے قریب بدھ کی رات ایک تیز رفتار کار نے ایک سی آئی ایس ایف جوان اور اس کے والد کو ٹکر ماردی۔ حادثے میں دونوں شدید زخمی ہوگئے۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو کیلاش اسپتال میں داخل کرایا۔ پولیس نے نامعلوم کار ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج کرکے تفتیش شروع کردی ہے۔ معلومات کے مطابق سی آئی ایس ایف جوان سنتوش کمار سورج پور کے سی آئی ایس ایف کیمپ میں خاندان کے ساتھ رہتا ہے۔ وہ بدھ کی رات تقریباً 9 بجے اپنے والد تو کا رام، بیوی اور دو بچوں کے ساتھ کیمپ سے باہر آنے کے بعد سڑک پر چل رہا تھا۔ جب وہ آئی ٹی بی پی کیمپ کے گیٹ نمبر دو کے قریب پہنچا تو ایک تیز رفتار کار نے اسے پیچھے سے ٹکر ماردی۔ اس حادثے میں سنتوش کمار اور اس کے والد شدید زخمی ہوگئے۔ آس پاس موجود لوگوں نے پولیس کو اطلاع دی۔ پولیس نے موقع پر پہنچ کر زخمیوں کو گریٹر نوئیڈا کے کیلاش اسپتال میں داخل کرایا۔ متاثرہ خاندان کی شکایت کی بنیاد پر پولیس نے نامعلوم کار ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

2 نوجوانوں کے خلاف آبروریزی کا مقدمہ درج

ہاپوڑ (ایس این بی) تھانہ پلکھوا کوتوالی حلقہ میں ایک لڑکی نے محلّہ کے ہی 2 نوجوانوں پر آبروریزی کا الزام عائد کرتے ہوئے ایف آئی آر درج کرائی ہے پولیس معاملہ کی جانچ کررہی ہے۔ موصولہ اطلاع کے مطابق پلکھوا کے ایک علاقہ کی باشندہ لڑکی گھر کے باہر کھڑی تھی۔ الزام ہے کہ محلّہ کے ہی بینک اور ہمانشو نے اسے اغوا کرلیا اور سنسان جگہ لے جا کر اسلحہ کے زور پر اس کی آبروریزی کی۔ ملزمان متاثرہ کو دھمکی دے کر فرار ہوگئے۔ کسی طرح متاثرہ اپنے گھر پہنچی اہل خانہ لڑکی کو لے کر تھانہ کوتوالی پہنچے اور تحریر دے کر معاملہ درج کرایا۔ پولیس نے متاثرہ کو طبی جانچ کے لئے سرکاری اسپتال بھیج دیا۔ وہیں پولیس ملزمان کی تلاش میں لگی ہے۔

20 سالہ لڑکی لاپتہ

مودی نگر (ایس این بی) کوتوالی کے ایک گاؤں سے ایک لڑکی لاپتہ ہوگئی۔ اطلاع کے مطابق بکھروا گاؤں کے رہائشی ایک شخص کی 20 سالہ بیٹی گزشتہ روز بازار گئی تھی، لیکن واپس نہیں آئی۔ جب لڑکی گھر نہیں آئی تو گھر والوں کو تشویش ہوئی اور انہوں نے اپنے رشتہ داروں کے یہاں فون کیا اور دیگر ذرائع سے بھی معلومات حاصل کی مگر کوئی سراغ نہیں لگ سکا۔ گھر والوں نے پولیس رپورٹ کرانے کا فیصلہ کیا۔ اس حوالے سے ایک رپورٹ درج کی گئی ہے جس میں ایک نوجوان پر شبہ ظاہر کیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ معاملے کی تحقیقات کی جارہی ہے۔

فلیٹ برائے فروخت

ذاکر باغ میں واقع 2BHK گراؤنڈ فلور فلیٹ، بالمقابل سوریا ہوٹل، فیسنگ ایشور نگر نئی دہلی میں بہترین حالت میں DDA فری ہولڈ، مناسب قیمت میں فروخت کے لئے دستیاب ہے۔ مالک سے رابطہ کریں۔

اسد اللہ
8826292177

ضروری اطلاع

قارئین کو اطلاع دی جاتی ہے کہ اس اخبار میں شائع ہونے والے سبھی اشتہارات پر کارروائی کرنے سے پہلے پوری تحقیق کرلیں اور مناسب صلاح لے لیں۔ کوئی بھی سبسکرائبر جو اس اخبار میں شائع کسی اشتہار جیسے ٹاور، نوکری، قرض سے متعلق یا دیگر کسی بھی طرح کے سلسلہ میں کوئی رقم بھیجتا ہے یا کسی طبی صلاح پر کوئی کارروائی یا خرچ کرتا ہے یا کوئی وعدہ کرتا ہے تو ایسا وہ اپنے خود کے ضمیر، عقل اور جوکھم پر کریں گے۔ کمپنی، ناشر یا اس کا کوئی ملازم اشتہار دہندہ کے ذریعہ ان کے کسی پروڈکٹ یا سروس کے لیے کیے گئے کسی دعوے کی سچائی کی یقین دہانی نہیں کراتے اور ایسے اشتہارات پر یقین کرکے کسی شخص کو ہوئے کسی خسارے، نقصان اور نتائج کے لیے ذمہ دار نہیں ہوں گے۔